# پگھلتے گلیشیئر ز، ابھرتی جھیلیں اور موسمی خطرات

خصوصی مضمون: ظفر اقبال

اکیسویں صدی میں انسانیت کو جن بڑے عالمی چیلنجوں کا سامنا ہے، ان میں موسمیاتی تبدیلی سب سے نمایاں ہے۔ زمین کا بڑھتا ہوا درجہ حرارت نہ صرف موسموں کے نظام کو متاثر کر رہا ہے بلکہ قدرتی وسائل، حیاتیاتی تنوع، آبی ذخائر اور انسانی زندگی پر بھی گہرے اثرات مرتب کر رہا ہے۔ انہی اثرات میں گلیشیئر ز کا تیزی سے پگھلنا ایک نہایت سنگین مسئلہ بن کر ابھرا ہے۔ حالیہ سائنسی تحقیق نے خبردار کیا ہے کہ اگر گلیشیئر اسی رفتار سے پگھلتے رہے تو دنیا کے برف پوش علاقوں میں پچاس ہزار سے زیادہ نئی جھیلیں وجود میں آ سکتی ہیں، جن سے ایشیا، اینڈیز، الاسکا اور آرکٹک سمیت دنیا کے مختلف حصوں میں تباہ کن سیلابوں اور ماحولیاتی خطرات میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

نیچر کمیونیکیشنز میں شائع ہونے والی ایک تازہ تحقیق نے اس مسئلے کی سنگینی کو مزید واضح کر دیا ہے۔ سویڈن، امریکہ، سوئٹزرلینڈ اور ناروے کے سائنس دانوں نے دنیا بھر کے گلیشیئر ز کے نیچے موجود زمینی ساخت کا جائزہ لیا اور اندازہ لگایا کہ برف پگھلنے کے بعد تقریباً 56,659 نئی جھیلیں بن سکتی ہیں۔ یہ تحقیق اس حقیقت کی نشاندہی کرتی ہے کہ موسمیاتی تبدیلی صرف مستقبل کا خطرہ نہیں بلکہ ایک جاری حقیقت ہے، جس کے اثرات آنے والی نسلوں کے ساتھ ساتھ موجودہ انسانوں کو بھی متاثر کر رہے ہیں۔

گلیشیئر برف کے ایسے عظیم ذخائر ہیں جو ہزاروں برس کے دوران مسلسل برف باری اور کم درجہ حرارت کے باعث تشکیل پاتے ہیں۔ دنیا میں تقریباً دو لاکھ سے دو لاکھ پچھتر ہزار گلیشیئر موجود ہیں، جن میں زمین کے تقریباً 69 فیصد میٹھے پانی کا ذخیرہ محفوظ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گلیشیئر ز کو دنیا کے قدرتی آبی ذخائر کی بنیاد سمجھا جاتا ہے۔

یہ گلیشیئر آسٹریلیا کے علاوہ تقریباً ہر براعظم میں موجود ہیں۔ انٹارکٹیکا اور گرین لینڈ میں ان کی سب سے بڑی مقدار پائی جاتی ہے، جبکہ ہمالیہ، قراقرم، ہندوکش، اینڈیز، آرکٹک اور الاسکا کے برفانی علاقے بھی ان سے مالا مال ہیں۔

گلیشیئر صرف برف کے ڈھیر نہیں بلکہ یہ کروڑوں انسانوں کی زندگی کا سہارا ہیں۔ ان سے نکلنے والے دریا پینے کے پانی، زراعت، صنعت اور پن بجلی کے لیے بنیادی ذریعہ ہیں۔ اگر یہ برفانی ذخائر ختم ہونے لگیں تو دنیا کے کئی ممالک کو شدید آبی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

گلیشیئر ز کے تیزی سے پگھلنے کی بنیادی وجہ زمین کے درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ ہے۔ صنعتی انقلاب کے بعد فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ، میتھین اور دیگر گرین ہاؤس گیسوں کی مقدار غیر معمولی حد تک بڑھ گئی ہے۔ کوئلہ، تیل اور قدرتی گیس کا استعمال، جنگلات کی بے دریغ کٹائی، صنعتی آلودگی اور گاڑیوں سے خارج ہونے والی گیسیں زمین کو مسلسل گرم کر رہی ہیں۔

سائنس دانوں کے مطابق گزشتہ ڈیڑھ سو برس میں عالمی اوسط درجہ حرارت تقریباً 1.2 ڈگری سیلسیس بڑھ چکا ہے۔ اگر یہی رجحان برقرار رہا تو اس صدی کے اختتام تک درجہ حرارت میں مزید نمایاں اضافہ متوقع ہے، جس کے نتیجے میں برفانی ذخائر کے پگھلنے کی رفتار مزید تیز ہو سکتی ہے۔

نیچر کمیونیکیشنز میں شائع ہونے والی تحقیق میں سائنس دانوں نے جدید سیٹلائٹ تصاویر، ڈیجیٹل بلندی کے نقشوں اور کمپیوٹر ماڈلز کی مدد سے دنیا کے تمام گلیشیئر ز کے نیچے موجود زمینی ساخت کا تجزیہ کیا۔

تحقیق کے مطابق برف پگھلنے کے بعد 56,659 نئی جھیلیں وجود میں آ سکتی ہیں، ان میں سے زیادہ تر جھیلیں ہمالیہ، اینڈیز، الاسکا، آرکٹک اور دیگر برفانی علاقوں میں بنیں گی۔ کئی جھیلیں قدرتی مٹی یا برف کے بندوں سے گھری ہوں گی، جو کمزور اور غیر مستحکم ہوں گے۔ ان بندوں کے ٹوٹنے کی صورت میں اچانک اور انتہائی تباہ کن سیلاب آ سکتے ہیں۔

یہ تحقیق اس بات کی بھی نشاندہی کرتی ہے کہ آئندہ دہائیوں میں دنیا کے کئی برفانی علاقوں کا جغرافیہ مکمل طور پر تبدیل ہو سکتا ہے۔

جب کوئی گلیشیئر پگھلتا ہے تو وہ آہستہ آہستہ پیچھے ہٹنے لگتا ہے۔ اس کے نیچے موجود نشیبی علاقے، گڑھے اور پتھریلے حصے پانی سے بھر جاتے ہیں اور نئی جھیلیں بن جاتی ہیں۔ ابتدا میں یہ جھیلیں چھوٹی ہوتی ہیں، لیکن مسلسل برف پگھلنے سے ان کا حجم بڑھتا رہتا ہے۔ اگر ان جھیلوں کو روکنے والا قدرتی بند کمزور ہو تو کسی بھی وقت وہ ٹوٹ سکتا ہے اور لاکھوں مکعب میٹر پانی چند لمحوں میں نیچے کی آبادیوں کی طرف بہہ سکتا ہے۔

گلیشیائی جھیلوں کا سب سے بڑا خطرہ گلیشیائی جھیل کے اچانک پھٹنے سے آنے والا سیلاب ہے۔

اس قسم کے سیلاب میں پل بہہ سکتے ہیں، سڑکیں تباہ ہو سکتی ہیں، پن بجلی منصوبے متاثر ہو سکتے ہیں، دیہات اور شہر زیر آب آ سکتے ہیں اور انسانی جانوں کا بھاری نقصان ہو سکتا ہے۔ یہ سیلاب عام سیلابوں سے کہیں زیادہ خطرناک ہوتے ہیں کیونکہ ان کی رفتار بہت زیادہ ہوتی ہے اور لوگوں کو محفوظ مقام تک پہنچنے کا مناسب وقت نہیں ملتا۔

ایشیا دنیا کا وہ خطہ ہے جہاں کروڑوں افراد کا انحصار ہمالیائی گلیشیئر ز پر ہے۔ دریائے سندھ، گنگا، برہم پتر، یانگ زی اور میکونگ جیسے عظیم دریا انہی گلیشیئر ز سے نکلتے ہیں۔ اگر ہمالیہ میں بڑی تعداد میں نئی جھیلیں وجود میں آ گئیں تو پاکستان، ہندوستان، نیپال، بھوٹان اور چین جیسے سبھی ممالک کو سیلاب، آبی بحران اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ جنوبی امریکہ کے اینڈیز پہاڑی سلسلے میں بھی گلیشیئر تیزی سے سکڑ رہے ہیں۔ یہاں لاکھوں افراد اپنی پانی کی ضروریات کے لیے انہی برفانی ذخائر پر انحصار کرتے ہیں۔ اسی طرح الاسکا اور آرکٹک میں بھی برف غیر معمولی رفتار سے پگھل رہی ہے۔ آرکٹک میں برف کی کمی عالمی درجہ حرارت میں مزید اضافے کا سبب بنتی ہے کیونکہ سفید برف سورج کی روشنی کو واپس منعکس کرتی ہے، جبکہ اس کے ختم ہونے سے زمین زیادہ حرارت جذب کرتی ہے۔ گلیشیئر ز کے پگھلنے کا ایک اہم نتیجہ سمندروں کی سطح میں اضافہ بھی ہے۔ اگر بڑے برفانی ذخائر مسلسل پگھلتے رہے تو ساحلی علاقوں کو شدید خطرات لاحق ہوں گے۔ جس کے نتیجے میں ساحلی شہر زیر آب آ سکتے ہیں، زرعی زمینوں میں کھارا پانی داخل ہو سکتا ہے، لاکھوں افراد کو نقل مکانی کرنا پڑ سکتی ہے اور ساحلی ماحولیاتی نظام متاثر ہو سکتا ہے۔ یہ مسئلہ خاص طور پر بنگلہ دیش، مالدیپ اور بحرالکاہل کے چھوٹے جزیروں کے لیے انتہائی تشویش ناک ہے۔

گلیشیئر ز صرف انسانوں کے لیے ہی اہم نہیں بلکہ بے شمار جانوروں اور پودوں کی بقا بھی ان سے وابستہ ہے۔ برف پگھلنے سے قطبی ریچھوں کا مسکن ختم ہو رہا ہے، برفانی لومڑی، برفانی خرگوش اور دیگر جانور متاثر ہو رہے ہیں، دریا کے پانی کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے، جس سے آبی حیات کو نقصان پہنچ رہا ہے، نایاب نباتات ختم ہونے کے خطرے سے دوچار ہیں۔

گلیشیئر ز کے خاتمے سے صرف ماحول ہی نہیں بلکہ عالمی معیشت بھی متاثر ہوگی۔ ممکنہ اثرات میں زرعی پیداوار میں کمی، پن بجلی کی پیداوار متاثر ہونا، سیاحت میں کمی، انفراسٹرکچر کی تباہی اور آفات سے نمٹنے پر بھاری اخراجات وغیرہ۔

ترقی پذیر ممالک کے لیے یہ نقصانات کہیں زیادہ سنگین ثابت ہو سکتے ہیں کیونکہ ان کے پاس وسائل محدود ہوتے ہیں۔ سائنس دان اب جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گلیشیائی جھیلوں کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔ اس مقصد کے لیے سیٹلائٹ تصاویر، مصنوعی ذہانت، ڈرون، جغرافیائی معلوماتی نظام (جی آئی ایس) اور ریموٹ سینسنگ جیسے جدید ذرائع استعمال کیے جا رہے ہیں تاکہ خطرناک جھیلوں کی بروقت نشاندہی کی جا سکے اور ممکنہ سیلاب سے پہلے لوگوں کو خبردار کیا جا سکے۔ گلیشیئر ز کے تحفظ کے لیے صرف سائنسی تحقیق کافی نہیں بلکہ مؤثر سرکاری اقدامات بھی ضروری ہیں۔

اس سلسلے میں درج ذیل اقدامات اہم ہیں جن میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی، قابل تجدید توانائی کا فروغ، جنگلات کے تحفظ اور شجرکاری، خطرناک گلیشیائی جھیلوں کی نگرانی، ابتدائی وارننگ سسٹم کی تنصیب، پہاڑی علاقوں میں غیر منصوبہ بند تعمیرات کی روک تھام اور عوام میں موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں شعور بیدار کرنا۔ عالمی سطح پر پیرس موسمیاتی معاہدے جیسے اقدامات اسی مقصد کے لیے کیے گئے ہیں، تاہم ان پر مؤثر عمل درآمد پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہو چکا ہے۔

گلیشیئر ز کا تیزی سے پگھلنا صرف ایک قدرتی عمل نہیں بلکہ انسان کی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والا ایک عالمی بحران ہے۔ حالیہ تحقیق میں 56 ہزار سے زیادہ نئی جھیلوں کے وجود میں آنے کی پیش گوئی اس بات کی واضح علامت ہے کہ اگر موسمیاتی تبدیلی پر قابو نہ پایا گیا تو دنیا کو بڑے پیمانے پر سیلاب، آبی بحران، حیاتیاتی تنوع کی تباہی، معاشی نقصانات اور انسانی نقل مکانی جیسے سنگین مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اس لیے ضروری ہے کہ حکومتیں، سائنس دان، بین الاقوامی ادارے اور عام شہری سب مل کر ماحول کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کریں۔ کاربن کے اخراج میں کمی، صاف توانائی کا استعمال، قدرتی وسائل کا دانشمندانہ استعمال اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے بروقت منصوبہ بندی ہی آنے والی نسلوں کو ایک محفوظ، متوازن اور پائیدار زمین فراہم کر سکتی ہے۔ گلیشیئر ز کا تحفظ درحقیقت انسانی بقا، آبی سلامتی اور کرہ ارض کے مستقبل کا تحفظ ہے۔ (یو این آئی)

# اکیسویں صدی کے تناظر میں: ادبی خدمات ابن صفی کی



از: محمد عارف اقبال

(دوسری قسط)

ابن صفی نے اول روز ہی اس نازک اور سنگین صورت حال کا بخوبی ادراک کر لیا تھا اس لیے اردو ادب میں انہوں نے ایسی راہ نکالی کہ سماج کی تہذیب کے ساتھ افکار و کردار کی تطہیر و تعمیر بھی ہو، حتیٰ کہ ہر فرد مستقبل کے استعارہ کو سمجھنے کے قابل ہو سکے۔ چند سال قبل Maria Konnikowa کی ایک اہم تصنیف "Mastermind: How to think like Sherlock Holmes" شائع ہوئی تھی۔ اس کتاب میں مشاہدے (observation) کی قوت کو بڑھانے کی ترغیب دی گئی ہے۔ آرتھر کونن ڈائل کی جاسوسی تصانیف کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ 1887 سے آج تک اس کی کتابیں out of print نہیں رہیں ()۔ یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ خلافت عثمانیہ کے ذہین حکمراں سلطان عبدالحمید ثانی (1842 تا 1918) سر کونن ڈائل کے ناولوں کا بغور مطالعہ کرتے تھے۔ انہوں نے صیہونیت کے علمبرداروں (Masonic Grand Masters) جن میں تھیوڈور ہرزل اور روتھ شیلڈ بھی شامل تھے، پایہ تخت سے بھاگنے پر مجبور کر دیا تھا۔ سلطان عبدالحمید نے سر آرتھر کونن ڈائل کو پایہ تخت آنے کی دعوت دی تھی اور ان کو اعزاز بھی عطا کیا تھا۔ یہ وہی سر آرتھر کونن ڈائل ہیں جن کی کتابوں کے قارئین، شرلاک ہومز کو لندن کی گلیوں میں تلاش کرتے رہے ہیں (٭) اور اب مذکورہ کتاب کے ذریعہ یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ شرلاک ہومز کے نظام تعلیم پر گفتگو کی جانے لگی ہے، Self Education کے لیے شرلاک ہومز کے طریقہ کار پر تحقیق کی جا رہی ہے۔ یہ کام ایک زندہ قوم ہی کر سکتی ہے۔ ہمارا حال یہ ہے کہ ہم آج تک اپنی خودی سے بھی نابلد رہے۔ انسانی و قومی شعور کے ساتھ اپنے مقصد وجود کو بھلا بیٹھے۔ ایسی صورت میں بھلا ہم ایک عظیم ادیب اور مصنف کے ادراک کو کیوں کر چھو سکتے تھے۔ حیرت ہے کہ خود ابن صفی کے مٹھی بھر شیدائیوں میں بیشتر افراد کا ذہنی افق بھی ان کے حقیقی ادبی نصب العین سے میل نہیں کھاتا۔ جس طرح اقبال پر ہزاروں صفحات سیاہ کرنے کے بعد بھی اقبال کا فکری سرا ہاتھ نہیں آتا، ٹھیک یہی حال ابن صفی کے شیدائیوں کا ہے۔ معاف کیجیے، ان میں ابن صفی کے ورثا بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ اس افسوس ناک صورت حال کے لیے کسی حد تک اس ادبی و سماجی ماحول کو بھی الزام دیا جا سکتا ہے جس کی مسموم فضا میں ہم سانس لیتے رہے ہیں۔ کاش آج بھی ہماری تمام حسیات بے دار ہو جائیں اور جینے کا مقصدی سلیقہ ہم میں آ جائے تو شئے کی حقیقت تک پہنچنا ہمارے لیے مشکل نہ ہوگا۔

ابن صفی اپنی حیات کے آخری لمحے (رخصت 26 جولائی 1980) تک اردو کی خدمت کرتے رہے اور اس کے فروغ کو اپنی زندگی کا لازمی جزو قرار دیا۔ لیکن ابن صفی کے ساتھ سب سے بڑی ٹریجڈی یہ رہی کہ بعض اوقات ان کو اپنوں نے ہی پہچاننے سے انکار کر دیا۔ اس ضمن میں احمد صغیر صدیقی اپنے ایک مضمون میں ماہنامہ شاعر، ممبئی میں شائع ایک خط کا حوالہ دیتے ہوئے مکتوب نگار کے الفاظ یوں نقل کرتے ہیں: اردو ادب کی یہ بھی بیماری ہے کہ یہاں جو شخص زینہ بہ زینہ پہنچ جاتا ہے وہ اوپر ہی اوپر دیکھتا ہے۔ نہ نیچے دیکھتا ہے نہ دائیں بائیں۔ اپنے پیش رووں کو مسخرے، ہم عصر کو بونے اور نئے لکھنے والوں کو کیڑے مکوڑے سمجھنا اس کی عادت اور اس کا محبوب مشغلہ بن جاتا ہے۔ اب یہی دیکھیے ابھی پچھلے دنوں انتظار حسین (پاکستانی افسانہ نگار) میسور آئے تھے۔ وہاں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا۔ کون ابن صفی؟ جبکہ ابن صفی نے ایک پوری نسل کو پڑھنا سکھایا۔ انتظار حسین یہ بھی بھول جاتے ہیں کہ انہیں اور ان کے ہم عصروں کو جو قاری ملے ان میں سے تین چوتھائی کی ذہنی تربیت ابن صفی نے کی تھی اور کیا عجب کہ اس دور کے کچھ لکھنے والوں نے ابن صفی کو پڑھ کر ہی لکھنا سیکھا ہو۔ جہاں تک compact زبان کا سوال ہے (میں تخلیقی زبان نہیں کہہ رہا ہوں، کمپیکٹ زبان کہہ رہا ہوں اور وہ بھی noun کے صیغے میں نہیں بلکہ adjective کے صیغے میں) ابن صفی کی زبان انتظار حسین سے بہتر ہے۔)

تاہم ایک معروف ادیب نے ابن صفی کو پہچاننے سے تو انکار نہیں کیا لیکن ان کی ادبی حیثیت کو تسلیم کرنے میں انہیں تامل رہا۔ بزرگ صحافی و ادیب سعید سہروردی (24 جنوری 1912 --- 9 مارچ 2017) لکھتے ہیں کہ ایک مجلس میں سید احتشام حسین نے اعتراف کیا: اگرچہ میں اسے حقیقت سے فرار کا ادب مانتا ہوں لیکن اگر رسالہ میرے ہاتھ لگ جاتا ہے تو شروع سے آخر تک پڑھ ڈالتا ہوں۔ میری بیوی تو باقاعدگی سے پڑھتی ہے۔

ابن صفی کے سلسلے میں کم و بیش یہی رویہ اردو ادب کے تمام ہی جدید ادیبوں اور نقادوں کا رہا۔ ابن صفی کو اندازہ ہو گیا تھا کہ وہ جس مشنری جذبے کے ساتھ اردو کی خدمت کر رہے ہیں فی الحال اس وقت اردو ادبی دنیا کا کوئی شخص انہیں گھاس نہیں ڈالے گا۔ وہ یہ بھی محسوس کر رہے تھے کہ جدید ادب کے تخلیق کار کو ہر جگہ صرف مزدور ہی دکھائی دے رہے ہیں جن پر سرمایہ داروں نے عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے۔ جدید ادب کی تخلیق کا ایک ہی مقصد پیٹ کی آگ بجھانے کے لیے روٹیوں کا حصول رہ گیا ہے۔ ان میں نفس کی بندگی کرنے والے بعض ایسے ادیب و شاعر بھی تھے جو سرمایہ داروں سے شدید نفرت کا اظہار تو کرتے تھے لیکن غم غلط کرنے کے لیے بعض اوقات وہ سرمایہ داروں کو بھی پیچھے چھوڑ جاتے تھے۔ ابن صفی مسلسل یہ تماشا دیکھ رہے تھے کہ جب ادبی اور شعری محفلوں میں وہ مزدوروں اور مظلوموں کا ذکر کرتے کرتے تھک جاتے تو شراب و شباب کے ذکر سے اپنی روح کو تسکین دیتے اور جام و سبو لنڈھاتے ہوئے ان کی صبح ہوتی۔ ابن صفی نے اول روز سے اپنے کو اس طرح کی محفلوں سے دور رکھا۔ انہوں نے اردو کی خدمت کا جو نصب العین متعین کیا تھا اس کی پاسداری آخری وقت تک کی۔ ان کو اس کی پروا نہیں تھی کہ کوئی ان کو بڑا ادیب، شاعر یا ناول نگار کہے۔ وہ تو اپنی ادبی دنیا میں بھی بن پیے مست رہنے کے عادی تھے۔ وہ تو اس بات کے قائل تھے: اپنے وجود ہی کی مستی کیا کم ہے کہ کسی نشے کا سہارا لیا جائے۔ (صحرائی دیوانہ، جون 1979)

کردار نگاری سے منظر نگاری تک

اگر ابن صفی کے تمام ناولوں کا مطالعہ کیا جائے تو اندازہ کرنا مشکل نہ ہوگا کہ ان کا ہر ناول ادب اور فن کی کسوٹی پر کسا ہوا ہے۔ بالخصوص کردار نگاری اور منظر نگاری کا فن ان کے یہاں درجہ کمال کو پہنچا ہوا ہے۔ ان کے ناول میں ہر کردار قارئین کے ذہن و قلب پر ایسے انمٹ نقوش چھوڑ جاتا ہے جیسے وہ چلتے پھرتے کردار ہوں۔ کرنل فریدی، عمران، حمید، قاسم، آصف، انور، رشیدہ، روشی، جولیا، صفدر، جیمسن، ظفر الملک، اماں بی، رحمٰن صاحب، ثریا، سلیمان، جوزف، فیاض اور سر سلطان جیسے کردار کسی بھی ملک اور سماج میں سانس لیتے ہوئے پائے جا سکتے ہیں۔ ان کرداروں پر ابن صفی کی گرفت انہیں اعلیٰ تخلیقی فنکار کے درجے پر فائز کرتی ہے۔ اسی طرح انہیں منظر نگاری پر بھی ملکہ حاصل تھا۔ وہ کم سے کم الفاظ میں ہر منظر کے ایک ایک جز کی تفہیم اس طرح کراتے ہیں کہ قاری کے سامنے اس منظر کی بعینہٖ عکاسی ہوتی ہے۔ منظر نگاری سے قاری کا ذہن بوجھل نہیں ہوتا بلکہ اسے ایسی توانائی حاصل ہوتی ہے کہ بے ساختہ وہ اس منظر میں جھانکنے کی کوشش کرنے لگتا ہے۔ ان کے ناولوں کا وصف یہ بھی ہے کہ وہ سماج کے عام کرداروں کو اپنی کہانیوں میں اس خوبصورتی سے پروتے ہیں کہ ناول کے مستقل کردار کے ساتھ وہ کردار بھی اپنی جگہ زندہ، منفرد اور مکمل محسوس ہوتے ہیں۔ درحقیقت یہی سماج کے نمائندہ کردار ہیں جو اپنی فکری آزادی، چال چلن، عادات و اطوار، دوستی و دشمنی اور جذبات و احساسات کے اعتبار سے سماج کے ہر طبقے میں سانس لیتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ ماں باپ، بھائی بہن، سوتیلی ماں، نوکر، خادمہ، پڑوسی، دوست، طالب علم، استاد، پیشے کے ساتھی، کسی ہوٹل کا منیجر یا بیرا، کسی محکمہ کا باس اور اس کے جونیئرس، صحافی، پولیس اہل کار، فوجی، غنڈے، ایک اجنبی سبھی ان کرداروں میں شامل ہیں۔ ان میں وہ کردار بھی ہیں جن کا تعلق طبقہ اشرافیہ سے ہے اور بر عظیم کے جاگیردارانہ ماحول کے پروردہ ہیں۔ چند شریف النفس ہیں تو ان میں فرعون صفت بھی ہیں۔ چند اعلیٰ تعلیم یافتہ کردار بھی حیوان کے درجے میں نظر آتے ہیں۔ اپنے ملک کے نامور اور بارسوخ افراد بھی ملک کے چھپے ہوئے باغی ہوتے ہیں۔

(جاری ہے)

بیاد گارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
منگلوار ۲۸ جولائی ۲۰۲۶ء بمطابق ۱۳ صفرالمظفر ۱۴۴۸ھ

## (اقوال زریں)

اس دنیا میں مستقل مزاجی کی جگہ کوئی چیز نہیں لے سکتی۔ کالفن کولیج

# سخت قانون وقت کی اہم ضرورت

ملک میں گزشتہ چند برسوں کے دوران مختلف مسابقتی امتحانات، بھرتی کے ٹیسٹوں اور پیشہ ورانہ داخلہ امتحانات میں پیپر لیک کے متعدد واقعات نے نہ صرف امتحانی نظام کی ساکھ کو شدید نقصان پہنچایا بلکہ لاکھوں محنتی طلبہ کے مستقبل کو بھی غیر یقینی صورتحال سے دوچار کر دیا۔ ایسے واقعات نے عوام کے اس اعتماد کو بھی مجروح کیا کہ محنت اور قابلیت ہی کامیابی کا واحد معیار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج پارلیمنٹ میں پیپر لیک کے خلاف سخت قانون سازی کے مقصد سے ایک اہم بل پیش کیا گیا، جسے اگر پارلیمنٹ کی منظوری حاصل ہو جاتی ہے تو یہ ملک میں امتحانی نظام کو شفاف، محفوظ اور قابل اعتماد بنانے کی سمت ایک تاریخی قدم ثابت ہوگا۔

یہ بل صرف ایک قانونی دستاویز نہیں بلکہ ان لاکھوں نوجوانوں کی امیدوں کا آئینہ دار ہے جو دن رات محنت کر کے اپنے خوابوں کو حقیقت کا روپ دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب کسی امتحان کا پرچہ لیک ہوتا ہے تو نقصان صرف حکومت یا کسی ایک ادارے کا نہیں ہوتا بلکہ سب سے زیادہ نقصان ان نوجوانوں کا ہوتا ہے جنہوں نے برسوں کی محنت، وقت اور وسائل صرف کیے ہوتے ہیں۔ ایسے واقعات سے نہ صرف ان کی ذہنی کیفیت متاثر ہوتی ہے بلکہ پورے نظام انصاف اور میرٹ پر بھی سوالیہ نشان لگ جاتا ہے۔

تجویز کردہ قانون میں پیپر لیک، امتحانی دھاندلی، منظم جعلسازی اور امتحانی نظام میں مداخلت کرنے والوں کے خلاف سخت سزاؤں اور بھاری جرمانوں کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ امتحانات منعقد کرنے والے اداروں کی ذمہ داریوں کو بھی مزید واضح کیا گیا ہے تاکہ مستقبل میں کسی بھی قسم کی غفلت یا ملی بھگت کی گنجائش باقی نہ رہے۔ اگر اس قانون پر پوری سنجیدگی سے عمل درآمد کیا گیا تو یہ یقیناً ایسے عناصر کے لیے ایک مؤثر اور مضبوط روک ثابت ہوگا جو نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے کو معمولی جرم سمجھتے ہیں۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ اس حساس معاملے کو سیاسی عینک سے دیکھنے کے بجائے قومی مفاد کے تناظر میں دیکھا جائے۔ طلبہ کا مستقبل کسی ایک جماعت، حکومت یا اپوزیشن کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے ملک کا اجتماعی مسئلہ ہے۔ حکومت نے اس سمت میں قانون سازی کا آغاز کر کے اپنی ذمہ داری نبھانے کی کوشش کی ہے، اب اپوزیشن جماعتوں پر بھی یہ اخلاقی اور آئینی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر اس بل کی بھرپور حمایت کریں۔ اگر پارلیمنٹ متفقہ یا بھاری اکثریت سے اس قانون کو منظور کرتی ہے تو اس سے نہ صرف ایک مضبوط قانونی ڈھانچہ وجود میں آئے گا بلکہ ملک بھر میں یہ واضح پیغام بھی جائے گا کہ طلبہ کے مستقبل کے ساتھ کھلواڑ کرنے والوں کے لیے کوئی رعایت نہیں ہوگی۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ ماضی میں کئی مرتبہ پیپر لیک کے واقعات کو سیاسی فائدہ اٹھانے کے لئے استعمال کیا گیا۔ مختلف سیاسی جماعتوں نے ایک دوسرے پر الزامات عائد کئے مگر اس بنیادی مسئلے کے مستقل حل پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ اب جبکہ پارلیمنٹ کے سامنے ایک مضبوط قانونی تجویز موجود ہے تو ضروری ہے کہ اسے سیاست کی نذر نہ کیا جائے۔ نوجوان نسل کو احتجاج، نعروں اور سیاسی بیان بازی سے زیادہ ایک محفوظ اور شفاف امتحانی نظام کی ضرورت ہے۔

ہماری رائے میں پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا یہ بل ایک مثبت، بروقت اور دوررس اقدام ہے۔ اس کی منظوری سے امتحانی نظام میں شفافیت کو فروغ ملے گا، میرٹ کا تحفظ ہوگا اور نوجوانوں کے اعتماد کو نئی تقویت ملے گی۔ ہم حکومت کی اس پہل کا خیر مقدم کرتے ہیں، لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپوزیشن جماعتوں سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ سیاسی اختلافات کو ایک طرف رکھ کر اس قانون کی منظوری میں بھرپور تعاون کریں۔ پارلیمنٹ سے متفقہ یا بھاری اکثریت کے ساتھ منظور ہونے والا یہ قانون ان تمام عناصر کے لیے ایک واضح اور دو ٹوک پیغام ہوگا کہ اب طلبہ کے مستقبل سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔

